سوال نمبر: 875 منجانب محترمہ صوبیہ شاہد صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

کیا وزیر صنعت و حرفت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:-

| سوال | جواب |
|---|---|
| (الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبے میں چھوٹے اور بڑے صنعتی زونز موجود ہیں ؟ | جی ہاں |
| (ب) اگر ( الف ) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبے میں کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹس ہیں ؟ ہر صنعتی یونٹ کا ضلع وائز تفصیل فراہم کریں نیز کتنے چھوٹے اور بڑے صنعتی یونٹ بند ہیں اور حکومت ان یونٹ کو چالو کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھارہی ہے ؟ | 1۔ خیبر پختونخواہ اکنامک زونز ڈویلپمنٹ اینڈ منیجمنٹ کمپنی (ازدمک)(KP-EZDMC): |

| District | S. No. | Zone Name | Total Area (Acres) | Total Units | Operational Units | Under Construction | Closed Units |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Nowshera | 1 | Nowshera Export Processing Zone | 92 | **46** | 16 | 14 | 15 |
| | 2 | Nowshera Economic Zone | 108 | **110** | 98 | 03 | 09 |
| | 3 | Nowshera Economic Zone Extension | 76.25 | **43** | 09 | 33 | 01 |
| | 4 | Jalozai Economic Zone | 257.5 | **88** | 07 | 81 | 00 |
| | 5 | Rashakai Special EZ | 1000 | **06** | 00 | 06 | 00 |
| Haripur | 6 | Hattar Economic Zone | 1443 | **392** | 324 | 23 | 45 |
| | 7 | Hattar Special Economic Zone | 424 | **51** | 06 | 45 | 00 |
| | 8 | Ghazi Economic Zone | 95 | **21** | 00 | 21 | 00 |
| Peshawar | 9 | Peshawar Economic Zone | 868 | **612** | 548 | 16 | 48 |
| Swabi | 10 | Gadoon Economic Zone | 1116 | **299** | 158 | 43 | 98 |
| Mohmaand | 11 | Mohmand Economic Zone | 350 | **39** | 18 | 20 | 01 |
| D.I Khan | 12 | Dera Ismail Khan Economic Zone | 187.5 | **49** | 17 | 31 | 01 |
| Bannu | 13 | Bannu Economic Zone | 415 | **00** | 00 | 00 | 00 |
| Chitral | 14 | Chitral Economic Zone | 40 | **00** | 00 | 00 | 00 |
| Total | | | | **1755** | 1201 | 336 | 218 |

حکومت بند صنعتوں کو چالو کرنے کے لیے مختلف اقدامات اٹھارہی ہے جس کے نتیجے میں سو سے زائد صنعتیں چالو ہو چکی ہیں۔

مزید براں حکومت مشترکہ منصوبہ سازی (Joint Venture) کے ذریعے بھی صنعتوں کی بحالی کے لیے کوشاں ہے۔

## 2۔ سمال انڈسٹریز ڈویلپمنٹ بورڈ (SIDB) Small Industries Development Board :

ایس آئی ڈی بی کے زیر انتظام سمال انڈسٹریل اسٹیٹس میں کُل چالو کارخانوں کی تعداد 991 ہے۔ اور بند کارخانوں کی تعداد تقریباً 09 ہے۔ ایس آئی ڈی بی نے متعلقہ کارخانہ دراوں سے رابطے شروع کر دیئے ہیں تاکہ ان کے مسائل کا حل نکال کر بند کارخانوں کو چالو کرنے کیلئے اقدامات اُٹھائے جائیں۔

| S. No. | Zone Name | Total Units | Operational Units | Closed Units |
|---|---|---|---|---|
| 1 | SIE Peshawar | **265** | 265 | 00 |
| 2 | SIE Mardan-I | **60** | 60 | 00 |
| 3 | SIE Mardan-II | **108** | 108 | 00 |
| 4 | SIE Mardan-III | **100** | 100 | 00 |
| 5 | SIE Kohat | **23** | 21 | 02 |
| 6 | SIE Bannu | **128** | 128 | 00 |
| 7 | SIE Mansehra | **88** | 86 | 02 |
| 8 | SIE Abbottabad-I | **110** | 109 | 01 |
| 9 | SIE D.I Khan | **34** | 33 | 01 |
| 10 | SIE Khalabat | **07** | 04 | 03 |
| 11 | SIE Karak | **11** | 11 | 00 |
| 12 | SIE Charsadda | **34** | 34 | 00 |
| 13 | SIE Dargai | **32** | 32 | 00 |
| Total | | **1000** | 991 | 09 |

صنعتی محکمہ نے بیمار اور بند یونٹس کی بحالی کے لیے سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کے صدر کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ کمیٹی نے 22 مارچ 2025 کو ایک اجلاس منعقد کیا، جس میں یونٹس کے مالکان اور صنعتی تنظیموں کے ساتھ ملاقاتیں کر کے بندش کی وجوہات کی نشاندہی اور بحالی کے لیے حکمت عملی تیار کرنے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی واضح کیا گیا کہ یونٹس زیادہ تر عدالتی مقدمات مالی، مسائل یا پنجاب منتقل ہونے کی وجہ سے بند ہیں۔ کمیٹی اپنی سفارشات تیار کرے گی اور انہیں کے پی صنعتی پالیسی 2025 میں شامل کرنے کے لیے حکومت کو پیش کرے گی۔